# SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 6, 2026








**CMDF Launched to Strengthen Pakistan's Capital Markets**

Key capital market institutions of Pakistan, including the Pakistan Stock Exchange (PSX), Central Depository Company (CDC), National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL), Pakistan Mercantile Exchange (PMEX), and the Institute of Financial Markets of Pakistan (IFMP), signed an agreement to establish the Capital Market Development Fund (CMDF) under the auspices of SECP.

# Finance Minister Launches CMDF as SECP Targets 2.5 Million Investors

**ISLAMABAD, May 6:** ISLAMABAD, May 6: Key capital market institutions of Pakistan, including the Pakistan Stock Exchange, Central Depository Company, National Clearing Company of Pakistan Limited, Pakistan Mercantile Exchange and the Institute of Financial Markets of Pakistan, signed an agreement to establish the Capital Market Development Fund (CMDF).

The CMDF, established under the auspices of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), is a coordinated industry-wide initiative aimed at promoting financial literacy, expanding financial inclusion, increasing retail investor participation, and strengthening institutional capacity in Pakistan's capital markets. Federal Minister for Finance and Revenue Senator Muhammad Aurangzeb attended the signing ceremony held at SECP Headquarters in Islamabad as the Chief Guest.

The agreement documents were signed by CEO PSX Farrukh H. Sabzwari, CEO CDC Badiuddin Akber, CEO NCCPL Naveed Qazi, CEO PMEX Khurram Zafar, and CEO IFMP Dr. Mobashar Sadik. Chairman SECP Dr. Kabir Ahmed Sidhu and SECP Commissioners Imtiaz Haider, Muzaffar Mirza, Zeeshan Khattak, and Ali Farid were also present on the occasion.

Addressing the ceremony, the Finance Minister said recent regional tensions had reinforced the need for Pakistan to make independent commercial decisions, diversify energy resources, and mobilize domestic capital for national development.

"We must rely on our own resources and strengthen self-sufficiency. Capital markets can play a vital role in providing the financing needed for economic independence," he said.

At the Ceremony, Senator Aurangzeb reaffirmed the government's commitment to economic stability, sustainable growth, and financial sector reforms. He emphasized the importance of strengthening capital markets, promoting local investment, achieving self-reliance, and implementing key energy sector reforms, while noting that Pakistan's economy continues to move in a positive direction despite regional and economic challenges. The Finance Minister noted that despite regional uncertainties and global economic pressures, Pakistan's economic indicators were showing consistent improvement. He said the government remained focused on strengthening the current account balance and reducing the fiscal deficit while maintaining macroeconomic stability.

He stated that Pakistan's stock market had demonstrated resilience during challenging times, reflecting growing investor confidence in the country's economic direction.

Senator Aurangzeb emphasized that the SECP had a critical role in expanding investor awareness, improving ease of investment, and introducing legal and regulatory reforms in the capital market sector. He assured the government's full support for reforms aimed at deepening Pakistan's financial markets.

Chairman SECP Dr. Kabir Ahmed Sidhu highlighted that investor participation in Pakistan's capital market remained below one percent of the population despite recent growth. He noted that the investor base is targeted to increase to 2.5 million in the coming years through ongoing structural reforms and investor facilitation measures.

He stated that onboarding processes were being streamlined, while Know Your Customer (KYC) and Anti-Money Laundering (AML) frameworks were being simplified to facilitate investor entry without compromising regulatory safeguards.

Dr. Sidhu identified financial literacy as a major structural constraint, noting that investor awareness efforts remained fragmented and retail outreach limited. He emphasized the need for coordinated national efforts to strengthen investor education, improve market understanding, and build investor confidence.

Market insights shared during the ceremony indicated that approximately 24,000 new investors entered the market in April 2026. Equity markets maintained positive momentum, while the debt capital market witnessed relative slowdown, highlighting the need for continued monitoring and data-driven policy interventions.

Dr. Mobashar Sadik, CEO IFMP, presented the strategic framework of the CMDF and described it as a ring-fenced institutional mechanism designed to support long-term capital market development. He said the Fund would be seeded with an initial contribution of Rs. 120 million, with participating institutions contributing one percent of their annual revenues to ensure sustainability through a self-reinforcing funding model.

# SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**
For immediate release
May 6, 2026








**CMDF Launched to Strengthen Pakistan's Capital Markets**

Key capital market institutions of Pakistan, including the Pakistan Stock Exchange (PSX), Central Depository Company (CDC), National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL), Pakistan Mercantile Exchange (PMEX), and the Institute of Financial Markets of Pakistan (IFMP), signed an agreement to establish the Capital Market Development Fund (CMDF) under the auspices of SECP.

## وزیر خزانہ نے کیپیٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کا افتتاح کر دیا؛ ایس ای سی پی کا سرمایہ کاروں کی تعداد 25 لاکھ تک بڑھانے کا ہدف مقرر

اسلام آباد، 6 مئی: پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ اداروں پاکستان اسٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج اور انسٹیٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹس آف پاکستان نے کیپیٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے قیام کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی سرپرستی میں قائم کیپیٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کا مقصد کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد بڑھانے ح، خاص طور پر نوجوانوں کو مالیاتی آگاہی فراہم کرنے، سرمایہ کاری کو سہل اور اسان بنانے اور کیپیٹل مارکیٹ میں اصلاحات کرنا ہے۔

کیپیٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے معاہدے پر دستخط کی تقریب ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں منعقد ہوئی۔ وفاقی وزیر خزانہ وریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب نے تقریب میں مہمان خصوصی تھے۔

فنڈ قائم کرنے کے معاہدے پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو فرخ ایچ سبزواری، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے چیف ایگزیکٹو بدیع الدین اکبر، نیشنل کلیئرنگ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو نوید قاضی، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو خرم ظفر اور انسٹیٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹس کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر مبشر صادق نے دستخط کیے۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو اور کمشنرز امتیاز حیدر، مظفر مرزا، ذیشان خٹک اور علی فرید بھی اس موقع پر موجود تھے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ حالیہ علاقائی کشیدگی میں ہمارے لیے کچھ واضح سبق ہیں کہ پاکستان کو اپنے تجارتی فیصلے اپنے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے خود طے کرنا ہیں، دوسرا ہمیں روائیتی ایندھن پر انحصار کم کر کے توانائی کے متبادل ذرائع کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا ہمیں اپنے وسائل پر انحصار کرنا ہوگا اور خود انحصاری کو فروغ دینا ہوگا۔ کیپیٹل مارکیٹس معاشی خودمختاری کے لیے درکار سرمایہ فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

وزیر خزانہ نے کہا کہ علاقائی اور عالمی معاشی دباؤ کے باوجود پاکستان کے معاشی اشاریے مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کرنٹ اکاؤنٹ خسارے اور مالیاتی خسارے کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ معاشی استحکام برقرار رکھنے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔

انہوں نے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود پاکستان کی اسٹاک مارکیٹ نے مضبوطی کا مظاہرہ کیا، جو ملکی معیشت پر سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا عکاس ہے۔

سینیٹر محمد اورنگزیب نے سرمایہ کاروں کی آگاہی بڑھانے، سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے اور کیپیٹل مارکیٹ میں قانونی وریگولیٹری اصلاحات متعارف کرانے میں ایس ای سی پی کے کردار کو نہایت اہم قرار دیا۔ انہوں نے مالیاتی منڈیوں کو مزید مستحکم بنانے کے لیے حکومت کے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ حالیہ ترقی کے باوجود پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد ملک کی مجموعی آبادی کے ایک فیصد سے بھی کم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کمیشن نے اسٹرکچرل اصلاحات کے ذریعے آئندہ چند برسوں میں سرمایہ کاروں کی تعداد 25 لاکھ تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

انہوں نے کہا کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی آن بورڈنگ کو آسان بنایا جارہا ہے۔ ڈاکٹر سدھو نے سرمایہ کاروں کے اعتماد اور مارکیٹ کی بہتر سمجھ بوجھ کے لیے کیپیٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے ذریعے قومی سطح پر مربوط کوششیں کی جائیں گی۔

تقریب میں پیش کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق اپریل 2026 کے دوران تقریباً 24 ہزار نئے سرمایہ کار مارکیٹ میں شامل ہوئے۔ ایکویٹی مارکیٹ میں مثبت رجحان برقرار رہا جبکہ ڈیٹ کیپیٹل مارکیٹ میں نسبتاً سست روی دیکھی گئی، جس سے مؤثر نگرانی اور ڈیٹا پر مبنی پالیسی اقدامات کی ضرورت اجاگر ہوئی۔

انسٹیٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹس کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر مبشر صادق نے فنڈ کے اسٹریٹجک فریم ورک پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ فنڈ ایک "رِنگ فینسڈ" ادارہ جاتی نظام ہے جو طویل المدتی کیپیٹل مارکیٹ ترقی کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنڈ کا آغاز 12 کروڑ روپے کے ابتدائی سرمائے سے کیا جائے گا جبکہ کیپیٹل مارکیٹ کے ادارے اپنی سالانہ آمدنی کا ایک فیصد اس فنڈ میں جمع کرائیں گے تاکہ اس کے تسلسل کو یقینی بنایا جاسکے۔